SEARLE

# دی سرل کمپنی لمیٹڈ

## اطلاع برائے ۵۵واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ دی سرل کمپنی لمیٹڈ کے ممبرز کا ۵۵واں سالانہ اجلاس عام بذریعہ وڈیولنک (ایس ای سی پی کے جاری کردہ سرکلر نمبر ۲۵ بابت ۲۰۲۰ء مورخہ ۳۱ اگست ۲۰۲۰ء کے مطابق) بروز بدھ ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۰ء شام ۵:۴۵ بجے بمقام تیسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی**

۱۔ ۱۸ مئی ۲۰۲۰ء کو منعقد کئے گئے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ ۳۰ جون ۲۰۲۰ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ مالی حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور انڈیپینڈنٹ آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

۳۔ ۳۰ جون ۲۰۲۰ء کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے ہر ایک ۱۰ روپے مالیت کے شیئر پر ۵۰ء۲ پاک روپے یعنی ۲۵ فیصد حتمی نقد منافع منقسمہ کا اعلان اور منظوری، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے۔

۴۔ ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز، میسرز اے۔ ایف۔ فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہو رہے ہیں اور اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کر رہے ہیں۔

۵۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی دفعہ ۱۵۹(۱) کی شقوں کے مطابق تین (۳) سالہ مدت کیلئے کمپنی کے سات (۷) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مقرر کیا ہے۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل کے مطابق ہیں:

| | |
|---|---|
| ۱۔ جناب عدنان اسد علی | ۵۔ جناب ایاز عبداللہ |
| ۲۔ جناب راشد عبداللہ | ۶۔ جناب اسد عبداللہ |
| ۳۔ جناب ایس۔ ندیم احمد | ۷۔ محترمہ شائستہ خالق رحمٰن |
| ۴۔ جناب زبیر رزاق پال والا | |

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لئے اہل ہیں۔

**خصوصی کارروائی**

۶۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر (ڈائریکٹرز) بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر کے معاوضے کی منظوری اور اگر درست تصور کیا جائے تو اس سلسلے میں درج ذیل قراردادوں کو بطور عمومی قرارداد ترمیم یا بلا ترمیم (ترامیم) منظور کرنا:

''**قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ایک کُل وقتی ورکنگ ڈائریکٹر کو ۱۲ ملین پاک روپے کی رقم سے زائد نہ ہو، ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے ادا کی جائے گی جس میں ان کی ملازمت کی شرائط وضوابط کے مطابق الاؤنسز و دیگر مراعات بھی شامل ہیں اور بذریعہ ہٰذا اس کی منظوری دی جاتی ہے۔''

۷۔ درج ذیل خصوصی قراردادوں کی ترمیم یا بلا ترمیم منظوری کے ذریعے ۳۰ جون ۲۰۲۰ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ انجام دی جانے والی ٹرانزیکشنز کی توثیق اور منظوری:

''**قرار پایا** کہ متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ انجام دی جانے والی ٹرانزیکشنز، جیسا کہ ۳۰ جون ۲۰۲۰ء ان کنسالیڈیٹڈ مالیاتی حسابات کے نوٹ ۴۳ میں واضح کیا گیا ہے اور کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ ۱۳۴(۳) بابت میں ضروری معلومات کے بیان میں درج ہے۔''

۸۔ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کیلئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ ٹرانزیکشنز کیلئے درج ذیل خصوصی قرارداد کی ترمیم یا بلا ترمیم منظوری کے ذریعے اختیار دینا:

''**قرار پایا** کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا دیا جاتا ہے کہ وہ مالی سال مختتمہ ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کیلئے کاروبار کے عمومی طریقے کے تحت متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کیس ٹو کیس ٹرانزیکشنز انجام دیں۔

**مزید قرار پایا** کہ بورڈ کی جانب سے کی جانے والی یہ ٹرانزیکشنز شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظور شدہ تصور کی جائیں گی اور ان کی رسمی توثیق/منظوری کیلئے آئندہ سالانہ اجلاس عام میں انہیں شیئر ہولڈرز کے سامنے پیش کیا جائے گا۔''

**دیگر کارروائی**

۹۔ صدرِ اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴(۳) کے تحت مذکورہ بالا خصوصی کارروائی پر مشتمل ضروری حقائق کا بیان ممبران کو اجلاس کے نوٹس کے ہمراہ ارسال کیا جا رہا ہے اور ہماری ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

حسب الحکم بورڈ

**زبیر رزاق پال والا**

کمپنی سیکریٹری

کراچی

۷ اکتوبر ۲۰۲۰ء

**نوٹ:**

**اے۔ کتاب کی بندش**

شیئر ٹرانسفر بکس ۲۲ اکتوبر ۲۰۲۰ء تا ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۰ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو ہر طرح سے مکمل صورت میں ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۰ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (سی ڈی سی ایس آر ایس ایل)، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو موصول ہو جائیں گے انہیں سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**بی۔ شیئر ہولڈرز کے عمومی اجلاسوں کے لئے کورونا وائرس سے تحفظ کی منصوبہ بندی**

ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر ۵ بابت ۲۰۲۰ء مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۰ء کے مطابق کمپنی کو حکومت کی جانب سے عوامی اجتماع پر پابندی کے احکامات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام کے انتظام کے لئے حفاظتی اقدامات کرنے ہوں گے۔ اس کے مطابق کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لئے درج ذیل معلومات فراہم کی جا رہی ہیں۔

i شیئر ہولڈرز کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام کے مجوزہ ایجنڈا آئٹمز پر اپنے تاثرات تجاویز بذریعہ ڈاک یا کوریئر یا کسی بھی دیگر الیکٹرونک طریقہ کار یا ایم میل اور واٹس ایپ کے ذریعے ارسال کر دیں۔ اس کی تفصیل ذیل میں درج ہے:

| | |
|---|---|
| ای میل ایڈریس: | muhammad.suleman@searlecompany.com |
| واٹس ایپ نمبر: | +92 300 2700130 |
| موبائل نمبر: | +92 300 2700130 |
| رجسٹرڈ آفس کا پتہ: | دی سرل کمپنی لمیٹڈ، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہ فیصل، کراچی |

ii کمپنی کے شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاس عام میں وڈیولنک کے ذریعے بھی لاگ ان کر کے شرکت کر سکتے ہیں اور اپنے گھروں یا کسی بھی باسہولت مقام سے اجلاسِ عام میں شرکت کے لئے رسمی کارروائی مکمل کرنے کے بعد اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں شریک ہو سکتے ہیں۔

وڈیولنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کوائف سالانہ اجلاس عام کے وقت سے کم از کم ۲۴ گھنٹے قبل درج ذیل پتے پر کمپنی سیکریٹری کو رجسٹرڈ کرا دیں۔

ای میل ایڈریس: muhammad.suleman@searlecompany.com

لاگ ان کی سہولت ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۰ء کو شام ۴:۴۵ بجے کھول دی جائے گی تاکہ شرکت کنندگان اجلاس کی کارروائیوں میں شرکت کر سکیں جو ٹھیک شام ۵:۴۵ بجے شروع ہو جائے گا۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ مطلوبہ معلومات درج ذیل فارمیٹ کے مطابق فراہم کریں۔ وڈیولنک شیئر ہولڈرز کو درج ذیل ٹیبل میں فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر فراہم کر دیا جائے گا:

| نمبر شمار | شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

موجودہ صورتحال کے پیشِ نظر شیئر ہولڈرز سے کہا جاتا ہے کہ وہ پراکسیز فراہم کر دیں۔

**سی۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت**

تمام ممبران کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ کوئی بھی ممبر اپنی جگہ شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کیلئے ایک پراکسی کا تقرر کر سکتا/کر سکتی ہے، پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں، موثر العمل ہونے کیلئے پراکسیز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۵۳۰ میں اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جائیں۔

شیئرز کا کوئی بھی انفرادی بینیفیشل اونر لازماً اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبرز ہمراہ لائیں۔ کارپوریٹ ممبران کا کوئی بھی نمائندہ لازماً بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/یا پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ کے نمونہ دستخط ساتھ لیکر آئے۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱ مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ میں درج رہنما ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

**ڈی۔ نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرونیکلی ادائیگی (لازمی شرط)**

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۲ اور کمپنیز (منافع منقسمہ کی تقسیم) ریگولیشن ۲۰۱۷ کی شقوں کے مطابق کسی بھی لسٹڈ کمپنی کیلئے اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع منقسمہ صرف بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار براہ راست استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں ادا کرنا لازمی ہے۔ اس سلسلے میں دی سرل کمپنی لمیٹڈ شیئر ہولڈرز کو پہلے ہی خطوط اور الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارمز اور متعدد یاددہانیوں کے نوٹسز جاری کر چکی ہے جس میں شیئر ہولڈرز سے درخواست کی گئی کہ شیئر ہولڈرز اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) فراہم کی شرائط پر فوری عملدرآمد کریں۔

ایسے شیئر ہولڈرز جو ابھی تک اپنے آئی بی اے این فراہم نہیں کر سکے ہیں ان سے ایک بار پھر درخواست ہے کہ ''الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم'' کو بھریں، جو ذیل میں دوبارہ فراہم کیا گیا ہے، اور اسے باقاعدہ اپنے دستخط اور کارآمد سی این آئی سی کی کاپی کے ہمراہ اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز (بک اینٹری کی شکل میں شیئر ہولڈنگ ہونے کی صورت میں) یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (سی ڈی سی ایس آر ایس ایل) سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو (فزیکل صورت میں شیئر ہولڈنگ ہونے پر) ارسال کر دیں۔

| شیئر ہولڈر کی تفصیلات | | | |
|---|---|---|---|
| شیئر ہولڈر کا نام | | | |
| فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | | شیئر ہولڈر کا موبائل نمبر | |
| سی این آئی سی نمبر | | شیئر ہولڈر کا لینڈ لائن نمبر، اگر کوئی ہو | |
| | | ای میل | |
| **بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات** | | | |
| بینک اکاؤنٹ کا ٹائٹل | | | |
| انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) **''لازمی''** | **پاکستان** _____ **(۲۴ ہندسے)** (برائے مہربانی اپنا درست آئی بی اے این نمبر اپنی متعلقہ بینک برانچ کے ساتھ مشاورت کے بعد فراہم کریں کیونکہ آئی بی اے این نمبر میں کسی غلطی یا کانٹ چھانٹ کی صورت میں کمپنی کسی طور پر آپ کے نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی میں کسی تاخیر یا نقصان کیلئے قطعی ذمہ دار نہ ہوگی) | | |
| بینک کا نام | | | |
| برانچ کا نام اور پتہ | | | |

یہ بیان کیا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا فراہم کردہ معلومات درست ہیں اور اس میں کسی تبدیلی کی صورت میں، میں/ہم فوری طور پر پارٹیسپنٹ/شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر آگاہ کر دوں گا/کر دیں گے۔

_____

شیئر ہولڈر کے دستخط

آئی بی اے این کی عدم فراہمی پر کمپنی ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق نقد منافع منقسمہ کو روک لے گی۔

**ای۔ منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس**

i فنانس ایکٹ، ۲۰۱۹ مورخہ یکم جولائی ۲۰۱۹ء کی شقوں کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگی سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح میں درج ذیل کے مطابق مقرر کی گئی ہے:

| | | |
|---|---|---|
| اے) | انکم ٹیکس گوشواروں کے فائلرز کیلئے | ۱۵ فیصد |
| بی) | انکم ٹیکس گوشواروں کے نان۔ فائلرز کیلئے | ۳۰ فیصد |

وہ شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود نہیں ہیں، باوجود اس حقیقت کہ وہ فائلرز ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے ناموں کی اے ٹی ایل پر موجودگی کو یقینی بنائیں، بصورت دیگر ان کے نقد منافع منقسمہ سے ٹیکس کی کٹوتی ۱۵ فیصد کے بجائے ۳۰ فیصد کی شرح سے کی جائے گی۔

ii منافع منقسمہ کی آمدنی سے ودہولڈنگ ٹیکس کے استثنیٰ کی اجازت صرف اس صورت دی جائے گی اگر ٹیکس سے استثنیٰ کے کارآمد سرٹیفکیٹ کی کاپی کتاب کی بندش کے پہلے روز کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دی گئی۔

iii ایف بی آر سے موصولہ وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر نیز جوائنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کی حیثیت سے ''فائلر/نان فائلر'' ان کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر الگ الگ کیا جائے گا۔

اگر شیئرز کی ملکیت کا تناسب طے نہ کیا جا سکا تو ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر کو شیئرز کے مساوی تناسب کا حامل تصور کر لیا جائے گا اور کٹوتی اس کے مطابق کی جائے گی۔ لہٰذا مشترکہ طور پر شیئرز کے حامل تمام شیئر ہولڈرز کیلئے یہ لازم ہے کہ وہ ان کے پاس موجود شیئرز کے سلسلے میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے بارے میں رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کو تحریری طور پر درج ذیل کے مطابق مطلع کر دیں:

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | | |

iv سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس کے ساتھ اپنے این ٹی این کو اپ ڈیٹ کریں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیں۔ شیئر ہولڈرز این ٹی این نمبر یا این ٹی این سرٹیفکیٹ جیسی بھی صورت ہو، ارسال کرتے ہوئے کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبر لازمی طور پر درج کریں۔

**ایف۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب**

کوئی بھی ممبر جو ڈائریکٹرز کے عہدے کا انتخاب لڑنا چاہتا/چاہتی ہو، چاہے وہ سبکدوش ہونے والا/والی ڈائریکٹر ہو یا کوئی دیگر، اسے کمپنی کے پاس اس کے رجسٹرڈ آفس، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، بلاک ۷ اور ۸، ڈی ایم سی ایچ ایس، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی میں اجلاس سے چودہ (۱۴) دن قبل درج ذیل دستاویزات جمع کرانی ہوں گی:

i کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹ کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔

ii ان کا فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر/سب اکاؤنٹ نمبر۔

iii کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۶۷ کے تحت فارم۔ ۲۸ پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کا اجازت نامہ۔

iv کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیابی کیلئے ایک مفصل پروفائل بشمول خط وکتابت کا پتہ اور رابطے کی معلومات جیسا کہ ایس ای سی پی کے ایس آر او ۱۱۹۶(۱)/۲۰۱۹ مورخہ ۱۳ اکتوبر ۲۰۱۹ء کے تحت درکار ہے۔

v جو ممبران بحیثیت انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند ہوں، انہیں لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ کی شق ۶(۳) کے تحت ایک ڈیکلریشن جمع کرانا ہوگا کہ وہ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۶۶ کے تحت مقررہ اہلیت اور اس کے تحت جاری انڈیپینڈنٹس کے مقرر کردہ معیار پر پورا اُترتے/اُترتی ہیں اور ان کے نام اور وہ از خود کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۶۶(۱) میں حوالہ شدہ ڈیٹا بینک پر لسٹڈ ہیں۔

vi ان کے پاس موجود دیگر ڈائریکٹرشپ (شپس) اور دفتر (دفاتر) کی تفصیل۔

vii کارآمد سی این آئی سی/پاسپورٹ کی مصدقہ نقول اور نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این)۔

viii اس امر کا حلف نامہ:

اے) وہ متعلقہ قوانین اور کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض اور اختیارات سے بخوبی آگاہ ہیں۔

بی) وہ بشمول اس کمپنی سات (۷) سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں بحیثیت ڈائریکٹر فرائض انجام نہ دے رہے ہوں/رہی ہوں؛ اور

سی) وہ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۳ اور کسی بھی دیگر نافذ العمل ضوابط کے تحت لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر بننے کے لئے نااہل نہ ہوں۔

ڈائریکٹرز کی اہلیت کے لئے لازم ہے کہ وہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز ۴۹ کے مطابق کمپنی کے کم از کم ۵،۰۰۰ روپے مالیت کے شیئرز کے حامل ہوں۔

اگر خود کو انتخاب کیلئے پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹(۱) کے تحت ڈائریکٹرز کی مقررہ تعداد سے زائد ہوئی تو کمپنی ای ووٹنگ یا بذریعہ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کے ساتھ ممبران کو کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ کی شقوں کے مطابق بیلٹ کا موقع فراہم کرے گی۔

**جی۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے درخواست**

ممبران لاہور اور اسلام آباد میں وڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں براہِ مہربانی درج ذیل فارم کو بھریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے ۱۰ روز پہلے جمع کرا دیں۔

اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی طور پر ۱۰ فیصد سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی اطلاع اجلاس کے انعقاد سے کم از کم ۱۰ روز پہلے موصول ہوگئی تو کمپنی وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام اس شہر میں کر دے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

میں/ہم _____ سکنہ _____ بحیثیت ممبر دی سرل کمپنی لمیٹڈ کے ایک ممبر حامل _____

عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو نمبر _____ بذریعہ ہٰذا بمقام _____

وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔

_____

ممبر کے دستخط

کمپنی ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم ۵ دن قبل اس سہولت تک ان کی رسائی کے بارے میں مکمل تفصیلات کے ساتھ آگاہ کر دے گی۔

**ایچ۔ مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کی الیکٹرونک ترسیل**

وہ ممبران جو مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.searlecompany.com پر دستیاب اسٹینڈرڈ درخواست فارم پر اجازت نامہ ارسال کریں تاکہ وہ اس سہولت سے استفادہ حاصل کر سکیں۔ مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

**آئی۔ پوسٹل بیلٹ/ای۔ ووٹنگ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے مطابق کسی بھی ایجنڈا آئٹم کی منظوری کے مقصد کیلئے ممبران کو اجازت دی جائے گی کہ وہ اپنا ووٹ بذریعہ پوسٹل بیلٹ یعنی بذریعہ ڈاک یا ای ووٹنگ مذکورہ بالا ریگولیشنز میں درج شرائط کے مطابق استعمال کر سکیں۔

**ایف۔ پتے کی تبدیلی**

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی، اگر کوئی ہو، کے بارے میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔